AQF / Fazil

20-02-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................... ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- آج نئی دلّی میں India AI Impact Summit 2026 میں لیڈروں کا اعلانیہ منظور کیا جائے گا۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے کاروباری رہنماؤں کے ساتھ گول میز کانفرنس کی صدارت کی نیز انسانی پیشرفت اور پائیدار ترقی کیلئے AI کو بروئے کار لانے کے مشترکہ عہد کی ستائش کی۔

3- انتخابی کمیشن نے، 22 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اعلیٰ چناؤ افسروں کو SIR کیلئے تیاری کا کام مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

4- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج آسام کے کچھار ضلعے میں متحرک گاؤں پروگرام کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرینگے۔

5- امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے قیامِ امن بورڈ نے غزہ امدادی پیکیج کیلئے 7 ارب ڈالر سے زیادہ دینے کا وعدہ کیاہے۔

6- اور کرکٹ میں، کرناٹک کی ٹیم 11 سال بعد رنجی ٹرافی کے فائنل میں پہنچی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

INDIA-AI SUMMIT 5th DAY

India AI Impact Summit 2026 نئی دلّی میں، بھارت منڈپم میں جاری ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کل اس سمٹ کا باضابطہ طور پر افتتاح کیا اور عالمی رہنماؤں کا خیر مقدم کیا۔ 5 روزہ سمٹ اس مہینے کی 16 تاریخ کو شروع ہوا ہے اور یہ کل اختتام پزیر ہو جائے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C - Ankit Kumar

*آج سمٹ کے پانچویں دن رہنماؤں کا اعلانیہ منظور کیا جائے گا، جس میں عالمی سطح پر مصنوعی ذہانت کے Governance اور اشتراک کیلئے مشترکہ خاکے اور اجتماعی وعدوں کا اعادہ کیا جائے گا۔*

*I سے متعلق عالمی ساجھے داری کونسل کی اعلیٰ سطح کی میٹنگیں بھی آج ہوں گی۔ اس کے ساتھ ساتھ ممبر ممالک ذمہ دارانہ اور سب کی شمولیت والی مصنوعی ذہانت سے متعلق کثیر رخی اشتراک کو مستحکم بنانے کیلئے ترجیحات سے ہم آہنگ پیشرفت کا جائزہ بھی لیں گے۔ اِدھر سرکار نے انڈیا AI مشن کیلئے 10 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے اخراجات کی منظوری دی ہے۔ اس AI سمٹ میں 500 سے زیادہ AI لیڈر، 100 سے زیادہ بانی اور چیف ایگزیکیٹو افسر، 150 ماہرینِ تعلیم اور تحقیق کار نیز تقریباً 400 اعلیٰ تکنیکی افسر بھی شرکت کر رہے ہیں۔ نمائش کاروں، اختراع کاروں اور وہاں آنے والے لوگوں کے بڑے جوش و خروش کو دیکھتے ہوئے India AI Impact Expo آج رات 8 بجے تک کھلی رہے گی۔ یہ سمٹ ذمہ دارانہ اور سب کی شمولیت والی مصنوعی ذہانت کیلئے بھارت کی کوشش میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔*

*دلّی سے انکِت کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**PM-CEO ROUNDTABLE**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل نئی دلّی میں، India AI Impact Summit میں کاروباری رہنماؤں کے ساتھ گول میز کانفرنس کی صدارت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ CEO گول میز تبادلۂ خیال کیلئے AI، ٹکنالوجی اور اختراع کے شعبے کے مختلف فریق یکجا ہوئے۔ اس تبادلۂ خیال میں AI کے ذمہ دارانہ استعمال، عالمی اشتراک کو مستحکم بنانے اور ترقی کیلئے مختلف موقعوں کو بروئے کار لانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ جناب مودی نے کہا کہ انسانی پیشرفت اور پائیدار ترقی کیلئے مصنوعی ذہانت کو بروئے کار لانے کا مشترکہ عہد بہت خوش آئند بات ہے۔

وزیر اعظم نے کل نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں AI سمٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے عالمی سطح پر سبھی کی بہبود کیلئے مصنوعی ذہانت کے اجتماعی عزم پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ AI میں بھارت موقعے اور کل کے خاکے کی جھلک دیکھتا ہے۔

جناب مودی نے AI کو یہ کہتے ہوئے سبھی کیلئے دستیاب کرائے جانے پر زور دیا کہ اسے خاص طور پر عالمی خطّۂ جنوب کیلئے سب کی شمولیت اور بااختیار بنانے کا ایک وسیلہ بننا چاہیے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دنیا ایک ایسے دور میں داخل ہو رہی ہے کہ جہاں انسان اور Intelligent نظام ایک ساتھ کام کرتے ہیں اور ایک ساتھ اُبھرتے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت نئی ٹکنالوجی صرف تیار ہی نہیں کرتا بلکہ اسے تیزی کے ساتھ اختیار بھی کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت دنیا کے سب سے بڑے Tech Pool کا مرکز ہے۔

**S/B - Final - PM on Tech Pool**

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فرانس کے صدر **Emmanuel** میخوں نے کہا کہ بھارت نے ایسا کچھ بنایا ہے، جو دنیا کے کسی دیگر ملک نے نہیں بنایا۔×

**EC-SIR**

انتخابی کمیشن نے 22 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اعلیٰ چناؤ افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ووٹر فہرستوں پر خصوصی جامع نظر ثانی SIR سے متعلق تیاری کا کام مکمل کریں۔ کمیشن نے اُن سے کہا ہے کہ آئندہ ہونے والا SIR کا عمل اس سال اپریل سے شروع ہونے کی امید ہے۔ اس لیے وہ ابتدائی کام پورا کر لیں۔ اِن ریاستوں میں آندھرا پردیش، اروناچل پردیش، چنڈی گڑھ، دادرا اور نگر حویلی، دمن اور دِیو، ہریانہ، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، جھارکھنڈ، کرناٹک، لداخ، مہاراشٹر، منی پور، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ، دلّی، اڈیشہ، پنجاب، سکم، تریپورہ، تلنگانہ اور اتراکھنڈ شامل ہیں۔ انتخابی کمیشن نے بتایا کہ فی الحال SIR کا عمل 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں جاری ہے۔×

**SHAH-ASSAM**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج آسام کے کچھار ضلع میں درخشاں گاؤں پروگرام کے دوسرے مرحلے کا آغاز کریں گے۔ اس پروگرام کا مقصد وکست بھارت-2047 کے نظریئے سے مطابقت رکھتے ہوئے سرحدی گاؤوں کو بہتر بنانا، گزر بسر کے پائیدار مواقع پیدا کرنا اور محفوظ سرحدی برادریوں کو فروغ دینا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Saswati Bhattacarjee**

*مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آسام کے دو روزہ دورے پر آج سلچر پہنچیں گے۔ تقریباً صبح ساڑھے گیارہ بجے وہ کچھار ضلع میں بھارت-بنگلہ دیش سرحد پر واقع **Katigorah** میں نَتن پور گاؤں کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وہ سرحد پر خاردار تار لگانے کے کام کی پیش رفت اور دراندازی اور سرحد پار جرائم سے نمٹنے کی خاطر سکیورٹی اقدامات کا جائزہ لیں گے۔ مرکزی وزیر داخلہ درخشاں گاؤں پروگرام کے دوسرے مرحلے کا باضابطہ آغاز بھی کریں گے۔ مرکزی حکومت کی جانب سے امداد یافتہ اس پہل کا مقصد جدید سڑکیں، مواصلاتی سہولتیں اور روزگار کے پائیدار مواقع فراہم کرکے سرحدی گاؤوں کو خودکفیل بنانا ہے۔ ہفتے کے روز جناب شاہ گوہاٹی میں **CRPF** کے 87 ویں یوم تاسیس کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ وہ سوناپور میں دسویں آسام پولیس بٹالین کے نئے کیمپ کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ اُن کے دورے کے دوران آئندہ اسمبلی انتخابات سے متعلق معاملات پر بھی تبادلہ خیال کا امکان ہے۔*

سِلچر سے سَسوتی بھٹاچارجی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**SHAH-TRIPURA**

جناب امت شاہ آج تریپورہ میں اگرتلہ میں سرکاری زبان سے متعلق مشترکہ علاقائی کانفرنس کا افتتاح بھی کریں گے۔ تریپورہ میں ہونے والی اپنی نوعیت کی اس پہلی کانفرنس میں مغربی بنگال، اُڈیشہ، آسام اور اترپردیش سمیت تقریباً 20 ریاستیں شرکت کر رہی ہیں۔ اس کانفرنس میں ہندی اور دیگر بھارتی زبانوں کے استعمال کو بڑھاوا دینے، مصنوعی ذہانت اور جدید ٹکنالوجی کو بروئے کار لانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی، تاکہ زبان سے متعلق چیلنجوں کو دور کیا جا سکے۔ ×

**MEGHALYA-MP**

میگھالیہ میں، شِلانگ کے ممبر پارلیمنٹ ڈاکٹر Ricky AJ Syngkon کا حرکت قلب بند ہونے سے کل شام انتقال ہوگیا۔ وہ 54 سال کے تھے۔ ڈاکٹر Syngkon وائس آف دی پیوپلز پارٹی کے ایک ممتاز رہنماء تھے اور اُنہیں قومی سیاست میں میگھالیہ کی ایک مضبوط اور صاف گو آواز کے طور پر جانا جاتا تھا۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**TRUMP-GAZA RELIEF PACKAGE**

غزہ کے بارے میں، قیامِ امن بورڈ کی پہلی میٹنگ کل رات واشنگٹن ڈی سی میں ختم ہو گئی۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے قیامِ امن بورڈ کے ارکان کی طرف سے غزہ امدادی پیکیج کیلئے 7 ارب ڈالر سے زیادہ کے وعدوں کا اعلان کیا۔ صدر ٹرمپ نے، مالی دیانتداری اور شفافیت کے اصول قائم کرتے ہوئے اتفاقِ رائے سے منظور کی گئی قرارداد پر دستخط کر دیے ہیں، جو قیامِ امن بورڈ کی رہنمائی کرے گی۔ صدر ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ گزشتہ اکتوبر میں بہت جدوجہد کے بعد نافذ کی گئی جنگ بندی کے بعد سے امریکہ اور اُس کے ساجھے دار ملکوں نے غزہ کیلئے انسانی ہمدردی کی امداد کے بڑے حصے کی فراہمی میں سہولت پیدا کی ہے۔×

**TRUMP SAVE AMERICA ACT**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ اُن کی انتظامیہ کانگریس کی طرف سے منظوری ملنے کے بعد

''امریکہ بچاؤ ایکٹ'' کو نافذ کرے گی۔ مذکورہ ایکٹ کے تحت سبھی رائے دہندگان کو ووٹ ڈالنے کیلئے اپنا ووٹر شناختی کارڈ اور شہریت کا ثبوت دکھانا ہوگا۔ اس کے علاوہ بیماری، معذوری، فوجی یا سفر کے تعلق سے مخصوص معاملات کو چھوڑ کر Mail کے ذریعے ووٹ دینے کی اجازت نہیں ہوگی۔×

**SOUTH KOREA EX-PREZ**

جنوبی کوریا کے سابق صدر Yoon Suk Yeol کو، اُن کی مدت کار کے دوران ملیٹری رول نافذ کرنے کی اُن کی کوشش کی پاداش میں عمرقید کی سزا سنائی گئی ہے۔ جج نے کہا کہ جنوبی کوریا کے سابق صدر بغاوت کیلئے اُکسانے اور مارشل لاء نافذ کرنے کے قصوروار پائے گئے۔ دسمبر 2024 میں، جنوبی کوریا کے اُس وقت کے صدر Yoon Suk Yeol نے اپنی قیادت کو بچانے کیلئے فوجی رول نافذ کرنے کی کوشش کی تھی، لیکن اُن کا حکم محض 6 گھنٹے میں ختم ہوگیا۔ جنوبی کوریا کے سابق صدر کو 3 دسمبر 2024 کو قومی اسمبلی کا محاصرہ کرنے کیلئے فوجی اہلکار بھیجنے اور مارشل لاء کا اعلان کرنے کیلئے قانون سازوں کی جانب سے مواخذہ کے بعد اُن کے عہدے سے ہٹادیا گیا تھا۔×

**MSJE-SOCIAL JUSTICE DAY**

آج سماجی انصاف کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن غریبی، شامل نہ کئے جانے، صنفی نابرابری اور بے روزگاری جیسے اہم عالمی معاملات سے نمٹنے کیلئے وقف ہے۔ اقوام متحدہ نے 2007 میں سب کیلئے مساوات، انسانی حقوق اور سماجی تحفظ کے اقدار کو فروغ دینے کیلئے اِس دن کو نامزد کیا تھا۔ سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کی وزارت، نیشنل لاء یونیورسٹی کے ساتھ اشتراک میں آج ایک خصوصی پروگرام کا انعقاد کرے گی۔ سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے وزیرمملکت بی ایل وَرما آئین کی تمہید پڑھنے کی قیادت کریں گے۔ وزارت نے کہا ہے کہ مجموعی طور پر تمہید پڑھے جانے سے انصاف کے نظریات کی خاطر ملک کے عزم کا اعادہ ہوگا۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آئندہ دو سے تین روز کے دوران کیرالہ اور ماہے میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ ملک کے شمال مغربی اور وسطی حصوں میں اگلے تین روز میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں رفتہ رفتہ تین سے چار ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوگا۔×

## J&K CM TOURISM

جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اسمبلی میں، یہ اعلان کیا ہے کہ جو سیاحتی مقامات فی الحال بند ہیں، امید ہے کہ اُن سبھی کو مئی کے مہینے تک دوبارہ کھول دیا جائے گا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جناب عمر عبداللہ نے یہ انکشاف بھی کیا کہ سرکار مرکز کے زیر انتظام علاقے میں سیاحت کو مزید مستحکم اور متنوع بنانے کیلئے 9 نئے سیاحتی مقامات شروع کرنے کے منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ ×

## RANJI TROPHY

گھریلو کرکٹ میں کرناٹک 11 برس کے بعد رنجی ٹرافی کے فائنل میں پہنچا ہے۔ کل لکھنؤ کے بھارت رَتن شری اٹل بہاری واجپئی اِکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں دوسرے سیمی فائنل میں کرناٹک اور اتراکھنڈ کے درمیان میچ برابری پر ختم ہوا۔ البتہ کرناٹک کا پہلی اننگز کا بڑا اسکور اس کے فائنل میں پہنچنے کیلئے کافی تھا۔ Devdutt Padikkal کی کپتانی میں کرناٹک نے اپنی پہلی اننگز میں 736 رن بنائے تھے، جبکہ اتراکھنڈ کی ٹیم 233 رن ہی بنا پائی تھی۔

دوسری اننگز میں کرناٹک نے 323 رن اسکور کئے اور اس کے بعد اتراکھنڈ کی ٹیم نے پانچویں اور آخری دن 6 وکٹ پر 260 رن بنائے۔ اس کے نتیجے میں میچ ڈرا ہوگیا۔ Devdutt Padikkal کو پہلی اننگز میں اُن کی دوہری سینچری کیلئے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اب اس ماہ کی 24 تاریخ کو فائنل میں کرناٹک کا مقابلہ جموں وکشمیر سے ہوگا۔ جموں وکشمیر کی ٹیم اپنا پہلا رنجی ٹرافی خطاب جیتنا چاہے گی، کیونکہ وہ پہلی مرتبہ فائنل میں پہنچی ہے۔×

## ICC-T20 WORLD CUP

ICC ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں کل رات چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں گروپ- ڈی کے ایک میچ میں افغانستان نے کینیڈا کو 82 رن سے ہرادیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے افغانستان نے مقررہ 20 اووروں میں 200 رن بنائے، جس میں ابراہیم زدران نے محض 56 گیندوں میں 95 رن اسکور کئے اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔ اس کے جواب میں کینیڈا کی ٹیم 8 وکٹ کے نقصان پر 118 رن ہی بناپائی۔

کل ایک دوسرے میچ میں کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں گروپ-بی کے مقابلے میں زمبابوے نے سری لنکا کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔ اس سے قبل گروپ-سی کے تحت ویسٹ انڈیز نے اٹلی کو 42 رن سے شکست دی۔ آج سری لنکا کے Pallekele بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں آسٹریلیا کا مقابلہ Oman سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

**PAKISTAN-HOCKEY**

پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر طارق بُگتی نے FIH پرولیگ کے دوران پاکستان کے حالیہ آسٹریلیا دورے کے تحت بدانتظامی کے پیش نظر اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ اپنے عہدے سے مستعفی ہونے سے پہلے جناب بُگتی نے پاکستان ہاکی ٹیم کے کپتان احمد شکیل بٹ پر فیڈریشن کی جانب سے بدانتظامی پر نکتہ چینی کرنے پر، اُن پر دو سال کی پابندی بھی نافذ کی۔ ہاکی ٹیم کے کپتان نے آسٹریلیا سے واپس آنے کے بعد میڈیا سے بات چیت کی اور مبینہ طور پر کہا کہ کھلاڑیوں نے اُس وقت سڑک پر گھنٹوں گزارے، جب اُن کیلئے مقرر کئے گئے ہوٹل میں انہیں ہاکی فیڈریشن کی جانب سے پیشگی ادائیگی نہ ملنے کی وجہ سے داخل ہونے سے روک دیا گیا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسعداللہ

شکریہ - ارجمندعلی خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے کہ ''مصنوعی ذہانت AI کا مثبت اور ذمہ دارانہ استعمال، انسانیت کی بھلائی کیلئے ایک نعمت ہے۔''

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے کہ وزیر داخلہ امت شاہ آسام کے تین روزہ دورے پر، درخشاں گاؤں پروگرام کا کریں گے آغاز۔ اسی اخبار کی ایک اور خبر ہے کہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے وشاکھاپٹنم میں بحری مشق 'ملن' کا باضابطہ افتتاح کیا۔ روزنامہ پرتاپ نے وزیر زراعت شیوراج سنگھ کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ ماحولیات کے تحفظ کا سب سے مؤثر ذریعہ شجر کاری ہے۔ انہوں نے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے منسلک افراد سے اس کی جانب توجہ دینے کی اپیل بھی کی۔ DRDO نے گگن یان سٹیلائٹ پیرا شوٹ کا کامیاب تجربہ کیا، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے DRDO اور ISRO کو مبارک باد دی۔ اس خبر کو پرتاپ نے صفحہ اول پر خصوصیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: انتخابی کمیشن نے 22 ریاستوں میں خصوصی جامع نظرثانی مہم SIR کا کیا اعلان، اپریل میں ہوگا شروع۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہے:

☆ UAE نے رمضان المبارک میں کچھ قیدیوں کی رہائی کا کیا اعلان۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- آج نئی دلّی میں India AI Impact Summit 2026 میں لیڈروں کا اعلانیہ منظور کیا جائے گا۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے کاروباری رہنماؤں کے ساتھ گول میز کانفرنس کی صدارت کی نیز انسانی پیشرفت اور پائیدار ترقی کیلئے AI کو بروئے کار لانے کے مشترکہ عہد کی ستائش کی۔

3- انتخابی کمیشن نے، 22 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اعلیٰ چناؤ افسروں کو SIR کیلئے تیاری کا کام مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

4- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج آسام کے کچھار ضلعے میں متحرک گاؤں پروگرام کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرینگے۔

5- امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے قیامِ امن بورڈ نے غزہ امدادی پیکیج کیلئے 7 ارب ڈالر سے زیادہ دینے کا وعدہ کیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، کرناٹک کی ٹیم 11 سال بعد رنجی ٹرافی کے فائنل میں پہنچی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔